© rasailojaraid.com



ہے ۔ پاکستان میں یہ مندرجہ ذیل مقامات سے مل سکتی ہے ۔ فیروز سنز ۔ مال روڈ ۔ لاہور ۔ پبلشرز یونائیٹڈ چوک انارکلی لاہور ، حمیدیہ لائبریری ڈھاکہ اور یونیورسٹی بک ڈپو ۔ پشاور ۔ کتاب میں فہرست مضامین اور اشاریہ کی شدید کمی محسوس ہوتی ہے ۔

معیار طباعت اور کتابت عمدہ ہے ۔

---

**ارشادات رسول** مرتبہ ۔ جناب ظفر اللہ خاں ۔ شائع کردہ ، المحراب ۔ سمن آباد ۔ لاہور ۔ ہدیہ فی کتاب ڈیڑھ روپیہ ۔

اس مختصر سی کتاب میں فاضل مرتب نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات کو جمع کیا ہے ۔ حضورؐ کے ارشادات یوں تو ہر فرد کے لیے نورِ ہدایت ہیں لیکن یہ مختصر سا مجموعہ بچوں اور بچیوں کے لیے بڑا مفید ہے طباعت رنگین اور دیدہ زیب ہے ۔

---

**THE WOUNDS SPEAK**
**زخموں کی زبان میں**

تالیف ۔ جناب ابوالسلام نعیم صدیقی صاحب ۔ مترجم ، القاضی ۔ شائع کردہ سیارہ پبلیکیشنز ذیلدار پارک ۔ اچھرہ لاہور ۔

نعیم صدیقی صاحب کو باری تعالیٰ نے دل و دماغ کی غیر معمولی صلاحیتیں عطا کی ہیں ۔ ان کے دلِ حساس نے اسرائیلی جارحیت کو بڑی شدت کے ساتھ محسوس کیا اور پھر اُن کے زوردار قلم نے اسے نظم کی صورت میں ڈھالا اب اس نظم کو القاضی نے بڑی عمدگی کے ساتھ انگریزی میں منتقل کیا ہے ۔ اس کتاب کا دیباچہ محترمہ مریم جمیلہ اور تعارف جناب محمد یوسف صاحب نے لکھا ہے اور سیارہ پبلیکیشنز نے اسے بڑے اہتمام کے ساتھ شائع کیا ہے ۔ اچھے ایڈیشن کی قیمت پونے دو روپے اور سستے ایڈیشن کی قیمت سوا روپیہ ہے ۔

---

**فری میسنری FREE MASONARY** تالیف : جناب مصباح الاسلام فاروقی ۔ شائع کردہ : کلچر سٹڈیز سرکل ، پوسٹ بکس نمبر ۲۱۷۹ ۔ ناظم آباد ۔ کراچی نمبر ۱۸ ۔

"یہودی سازش اور دنیائے اسلام" کے فاضل مصنف نے زیر تبصرہ کتاب میں یہودی بین الاقوامی تنظیم فری میسنری کا تنقیدی جائزہ لیا ہے اور اس کے ان پہلوؤں کو بے نقاب کیا ہے جو ابھی تک عام لوگوں کی

© rasailojaraid.com